الحق۔ واقعی یہ کتاب غلو و تعصب اور تشدد کے لحاظ سے نہایت دلآزار اور مسلک حق سے ہٹ کر لکھی گئی ہے۔ اکثر بغیر تحقیق دستخط و تقریظ لکھنے کے شوقینوں کو ایسی پشیمانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے ع

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

**الحق کے مندرجات** | اس بار نقش آغاز نے نام نہاد ایم آر ڈی پر ہائیڈروجن بم برسائے آپ کے غیظ و غضب اور تصریحات سے میں آج سے ایم آر ڈی کے نام لیواؤں سے توبہ کا اعلان کرتا ہوں مجھے یقین ہے کہ یہ نقش آغاز بہت سے فضلاء حقانیہ کے شکوک و شبہات کو ختم کردے گا۔ اس اداریہ کا زیادہ علماء اور مسلمانوں تک پہنچانا ضروری ہے اللہ تعالیٰ الحق کو ہر دور میں حق کہنے کی سعادت سے نوازے (ع رحمان۔ لکی مروت)

★ رجب کے الحق میں آپ نے صدر پاکستان کو ملاقات کے وقت دیئے جانے والا محضرنامہ شائع کیا ہے۔ جسے اور ماہناموں نے بھی شائع کرنا تھا مگر نہ ہو سکا جب اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی ضرورت ہے اور شرکار وفد کے اسمار گرامی اور نام معہ دستخط بھی آنے چاہئیں تاکہ لادینی عناصر کو معلوم ہو جائے کہ علمار کا فروعی اختلاف شرعی نظام کے نفاذ پر اثر انداز نہیں ہو سکتا۔ اگر اسے مع دستخطوں کے الگ شائع کیا جائے تو بہت بہتر ہوگا۔ (ایک قاری)

★ الحق سے آپ سب اور بعض اساتذہ و مشائخ اور فضلاء دیوبند پاک و ہند کے حالات اور کلمات کی یاد تازہ ہو جاتی ہے الحق واقعی ہمارے لئے اس شعر کا مصداق ہے ؎

تازہ خواہی داشتن گر داغہائے سینہ را گاہی گاہی باز خواں ایں دفتر پارینہ را

عبدالوہاب العباسی۔ مدینہ منورہ

★ الحق برابر موصول ہو رہا ہے۔ اس دفعہ حاصل مطالعہ میں بڑے کام کی باتیں تھیں۔

مولانا عبدالرحمان فاضل حقانیہ اسلامک سنٹر شاکٹن امریکہ

★ میں تمام فضلاء بالخصوص بلوچستان کے فضلاء حقانیہ سے خود اور اپنے مدرسہ دارالعلوم قاسمیہ کی طرف سے اپیل کرتا ہوں کہ خدا کے لئے بیدار ہو جائیے فتنوں کا زور ہے کیونکہ آپ وارث انبیاء ہیں۔ اشتراکیت اور خدا سے انکار و الحاد کا فتنہ سر پر ہے۔ عبدالرحیم حقانی۔ مدرس دارالعلوم قاسمیہ کوئٹہ

**وفیات** | ● مولانا محمد انوری مرحوم کا پوتا اور مولانا سعید الرحمان انوری کا جواں سال بیٹا حافظ عتیق الرحمان اچانک انتقال کر گئے۔ دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔ مولانا مسعود الرحمان انوری سنت پورہ فیصل آباد

● قاری محمد اسماعیل آف کنڈہ بہترین قاری اور متعدد کتابوں کے مصنف انتقال کر گئے ہیں۔ دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔ قاری سعید احمد مدرس مدرسہ عربیہ شیر گڑھ مردان